راشٹریہ سہارا

11 OCT 2019

شعبۂ اسلامک اسٹڈیز، مانو میں بزمِ تحقیق کے تحت علمی مذاکرہ کا انعقاد

حیدرآباد (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبہ اسلامک اسٹڈیز کے ریسرچ اسکالرس کی ایسوسیشن ''بزم تحقیق'' کے تحت علمی مذاکرہ کی نشست منعقد ہوئی، جس میں شعبہ کے دو ریسرچ اسکالرس نے علمی مقالے پیش کیے۔ اس نشست کی صدارت کرتے ہوئے صدر شعبہ پروفیسر محمد فہیم اختر نے مذاکرہ کے موضوعات پر نہایت علمی و تحقیقی انداز میں تفصیلی گفتگو کی۔ نیز بزم تحقیق کے تحت منعقد ہونے والے اس پروگرام میں اسکالرس کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ ''بزم تحقیق اہمیت و معنویت کے اعتبار سے شعبہ میں ایک منفرد حیثیت کی حامل ہے، عصر حاضر میں ایسے موضوعات پر کام کرنے کی ضرورت ہے جن سے دنیائے انسانیت کو فائدہ ملے۔ ایسے بے شمار موضوعات ہیں جو ابھی تک تشنہ تحقیق ہیں''۔ اس علمی مذاکرہ میں محمد صلاح الدین (اسکالر شعبہ) نے ''خواتین کی دینی قیادت اور انسانی حقوق'' کے موضوع پر عورتوں کی دینی قیادت کا تاریخی جائزہ لیا۔ انھوں نے عورت کی ملازمت کا مسئلہ، عورت کی خلافت عظمیٰ اور امامت جیسے مسائل پر غور کرنے کی طرف بھی توجہ دلائی۔ دوسرا مذاکرہ بعنوان ''قرآن مجید کے تعلیمی نمونے اور مناہج'' میں مجتبیٰ فاروق (اسکالر شعبہ) نے اپنی گفتگو میں کہا کہ ''قرآن کریم کی پہلی آیت تعلیم سے متعلق ہے۔ قرآن مجید میں علم و حکمت اور تعلیم کے بارے میں کسی بھی قسم کا ابہام نہیں ہے۔ قرآن نے تعلیم و تربیت کے مختلف طریقوں اور مناہج کا استعمال کیا ہے جو آج عصر حاضر کے سیکھنے اور سکھانے کے اہم طریقوں میں شمار کیے جاتے ہیں۔'' ڈاکٹر شکیل احمد، اسسٹنٹ پروفیسر نے نگرانی کی۔ پروگرام کا آغاز ریسرچ اسکالر عزیر عالم کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ نظامت کے فرائض ریسرچ اسکالر عبدالرقیب نے انجام دیئے۔

راشٹریہ سہارا 11 OCT 2019

مانو میں تیسری قومی اُردو سماجی علوم کانگریس، مقالہ نگاروں کو اطلاع

حیدرآباد (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے اردو مرکز برائے فروغ علوم اور اسکول برائے فنون و سماجی علوم کے اشتراک سے تیسری قومی اردو سماجی علوم کانگریس 2019 کا 27 اور 28 ر نومبر کو اہتمام کیا جارہا ہے۔ کانگریس کا موضوع ''اکیسویں صدی میں سماجی علوم: اندیشے اور چیلنجز'' ہے۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، کنوینر کانگریس نے بتایا کہ کانگریس کے ذیلی موضوعات میں سماجی علوم میں تدریس و تحقیق، عالمی سماج میں صنفی عدل اور انصاف، اکیسویں صدی میں نظم و نسق عامہ: نظریہ و عمل، سوشیل ورک کے بدلتے خط و خال، سیاست اور سماجی انصاف، اسلامی معاشرے میں مذہب اور سیاست، جدید دور میں تاریخ کا مطالعہ اور تحریریں، اکیسویں صدی میں سماج، مذہب اور ثقافت، سیاسی معیشت کے مباحث شامل ہیں۔ ڈاکٹر عابد معز، شریک کنوینز و کنسلٹنٹ اُردو مرکز برائے فروغ علوم کے بموجب مقالے صرف اردو میں ہونے چاہئیں۔ مقالہ کی تلخیص داخل کرنے کی آخری تاریخ 25 ر اکتوبر 2019 ہے۔ 31 ر اکتوبر کو اس کی قبولیت کے متعلق اطلاع دی جائے گی۔ مکمل مقالہ داخل کرنے کی آخری تاریخ 20 ر نومبر ہے۔ 27 اور 28 ر نومبر کو کانگریس کا انعقاد عمل میں آئے گا۔ تلخیص اور مقالے ای میل nusscmanuu@gmail.com پر بھیجے جاسکتے ہیں۔